SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

January 2, 2023

# ایس ای سی پی نے مضاربہ سیکٹر کے لیے ماسٹر سرکلر جاری کر دیا

اسلام آباد، 2 جنوری: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے مضاربہ سیکٹر کی ریگولیٹری کمپلائنس میں بہتری اور آسانی فراہم کرنے کے پیش نظر، مضاربہ سیکٹر کے لئے اب تک جاری ہونے والے تمام سرکلر، نوٹیفیکیشن، ہدایات کٹکرتے ہوئے، ایک جامع SRO 2310 جاری کیا ہے۔ جامع سرکلر میں تمام منسوخ شدہ اور متروک قانونی تقاضوں کو حذف کر دیا گیا ہے۔ مجاربہ سیکٹر کی ریگولیٹری رجیم کے جائزہ کی مشق ملک میں اسلامی مالیاتی شعبے کو فروغ دینے کے لیے ایس ای سی پی کی کاوشوں کا حصہ ہے۔

سرکلر میں 1999 سے لے کر اب تک مضاربہ سیکٹر کے لیے جاری کیے گئے تمام سرکلرز، نوٹیفکیشنز، وضاحتیں، اور ہدایات پر مشتمل ہے جبکہ تمام منسوخ شدہ اور متروک قانونی تقاضوں کو حذف کر دیا گیا ہے۔ موجودہ رولز اینڈ ریگولیشنز کی واضح تفہیم فراہم کرنے کے لیے کئی سرکلرز کے ٹیکسٹ کو ضرورت کے مطابق وضاحت سے ترتیب دیا گیا ہے۔

اس جامع سرکلر کا مقصد مضاربہ سیکٹر کے لیے ایک جامع اور مؤثر ریگولیٹری ماحول فراہم کرنا ہے جو ریگولیٹری تقاضوں کی تعمیل میں آسانی اور کارکردگی کو یقینی بنانے میں معاون ثابت ہو۔ یہ سرکلر ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005